12046 ـ کسی شخص کا نقصان بھرنے کی کفالت کی اورفوت ہوگیا توکیا اسے اس کے وارث پورا کرینگے؟

سوال

کسی شخص کا نقصان بھرنے کی حامی بھری اوراس میں سے کچھ ادا بھی کردیا اورفوت ہوگیا توکیا اس کے وارثوں باقی نقصان بھی ادا کرنا واجب ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

ہم نے مندرجہ بالاسوال فضيلۃ الشيخ محمد بن صالح عثيمين رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا توان کا جواب تھا :

جی ہاں ، اس لیے کہ یہ ادائيگي کی ضمانت تھی ۔

سوال : ؟

اورجب صاحب حق اس کا مطالبہ پھراصل شخص جس کی کفالت لی گئي تھی سے کرنا شروع کردے تو ؟

جواب :

صاحب حق کے لیےجائز ہے کہ وہ جس سے چاہے مطالبہ کرے ، اگروہ اصل شخص سے مطالبہ کرے توبھی جائز ہے اوراگر وہ ضامن بننے والے شخص سے مطالبہ کرے تو بھی جائز ہوگا ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .